Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

11 فروری، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

یہ یقین کرنا مشکل ہے کہ ہم اس غیر معمولی تعلیمی سال کے دوسرے نصف حصے میں ہیں۔ میں ان دشوار اوقات میں بشمول ہمارے حالیہ برفانی طوفانوں کے باعث مشکلات میں اضافے میں آپ کے استقلال اور لچکداری کے لیے نہایت مشکور ہوں۔

آپ کی آواز اور قیادت اہم ہے، اور میں مختصراً اس بات کا اشتراک کرنا چاہتا ہوں کہ آپ ہمارے اسکولوں اور طلبا کو بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لیے ایک اہم طریقے کو آپ کس طرح استعمال کر سکتے ہیں۔ اب آپ اجتمائی اور شہر پیما تعلیمی کونسلوں کے آنے والے انتخابات میں ایک نشست کے لیے کھڑے ہونے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ ایک کونسل کے ممبر کے طور پر آپ اپنی برادری کی آواز ہیں — اور آپ تعلیمی پالیسی پر براہِ راست اثر انداز ہونے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اس میں میرے ساتھ ٹاؤن ہالز کی میزبانی کے، طالبانہ حصولیابی کو بہتر بنانے کے لیے مہتمین کے ساتھ باہم مل کر کام کرنے اور اسکول کی عمارت میں تبدیلیوں پر مشاورت شامل ہے۔

32 جغرافیائی اسکول اضلاع میں سے ہر ایک میں ایک اجتمائی تعلیمی کونسل، اور چار شہر پیما تعلیمی کونسل ہیں: ہائی اسکول، انگریزی زبان کے متعلمین، خاص تعلیم، اور ضلع 75. ایک کونسل کے لیے ایک امیدوار ہونے کے لیے درخواست دینے کے لیے، آغاز کرنے کے لیے محض اپنے نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) میں لاگ اِن کریں۔ اگر آپ کا NYCSA اکاؤنٹ نہیں ہے، آپ mystudent.nycs پر ایک (اکاؤنٹ) کے لیے سائن اپ کریں اور اپنے طالبِ علم کو شامل کرنے کے لیے اپنے والدین ربط دہندہ سے بات کریں۔ آپ اپنی درخواست **28 فروری** تک جمع کروا سکتے ہیں۔

سال کے دوران بعد میں، پہلی بار، نیو یارک شہر پبلک اسکول کے بچوں کے والدین اور سرپرستوں کے پاس اپنی اجتمائی تعلیمی کونسل کے پسندیدہ امیدواروں کے لیے ووٹ ڈالنے کا موقع ہو گا اور ہمارے شہر کے اہم فیصلوں کو کرنے میں ان کا براہِ راست عمل دخل ہو گا۔ آپ کو ووٹ ڈالنے کے لیے ایک NYCSA اکاؤنٹ کی ضرورت ہو گی اگر آپ کے پاس ایک (اکاؤنٹ) نہیں ہے تو براہِ کرم mystudent.nyc سائن اپ کریں۔ چاہے بطور امیدوار یا ایک ووٹر، میں امید کرتا ہوں کہ آپ ہمارے اسکولوں کو متاثر کرنے کے ان مواقع سے فائدہ اٹھائیں گے۔

دیگر خبر میں، مین مسرت کے ساتھ اس بات کا اشتراک کرتا ہوں کہ ہم اپنے مڈل اسکولوں کو ذاتی طور پر موجودگی میں (اِن پرسن) تعلیم کے لیے جمعرات، **25 فروری** کو دوبارہ کھولیں گے۔ ہم نے اسکول کی برادریوں کو تندرست اور حفوط رکھنے میں مدد کرنے کے لیے مستحکم طریقوں کو فروغ دیا ہے۔ اگر آپ کا ایک طالبِ علم گریڈ 8-6 میں ہے اور (آپ نے) مخلوط (بلینڈڈ) تعلیم کا انتخاب کیا تھا تو اپ کے بچے کا پرنسپل ان کے نئے شیڈول کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔ تمام اسکولوں میں 20 فیصد طلبا اور عملے کا بلا ترتیب انداز میں ہفتہ وار بنیاد پر ٹیسٹ کیا جائے گا۔ جن طلبا نے ابھی تک ایسا نہیں کیا ہے تو ان سے ٹیسٹ کرنے کے لیے اجازت نامہ ان کے ذاتی طور پر موجودگی میں تعلیم کے شیڈول کردہ پہلے دن فراہم کرنا مطلوب ہے تاکہ وہ ذاتی طور پر موجودگی میں تعلیم حاصل کر سکیں۔ میں خاندانوں سے ان کے بچے کے ذاتی طور پر موجودگی میں تعلیم کے پہلے دن سے قبل mystudent.nyc پر نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ کے ذریعے اجازت جمع کروانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

اور مڈل اسکول یا ہائی اسکول میں درخواست دینے والے موجودہ خاندانوں کے لیے کچھ اچھی خبریں: ہم آپ کو درخواست جمع کروانے کے لیے مزید وقت دے رہے ہیں۔ مڈل اسکول میں درخواست دینے کی نئی آخری تاریخ **23 فروری** ہے اور آٹھویں اور نویں گریڈ کے اہل خانہ کے لیے ان کی ہائی اسکول درخواست جمع کروانے کی نئی اخری تاریخ **1 مارچ** ہے۔ بطور یاد دہانی، آپ تین میں سے کسی ایک طریقے سے درخواست دے سکتے ہیں:MySchools.nyc، پر آن لائن، اپنے بچے کے موجودہ اسکول مشیر کے ذریعے، یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے (schools.nyc.gov/WelcomeCenters).

یہ ایک ولولہ انگیز وقت ہے اور ہمارے لیے مل کر سیاہ فام تاریخ مہینہ اور سب کے لیے احترام، دونوں، تہوار مل کر مناتے ہوئے ہمارے اسکول کے لیے یہ ایک اہم وقت ہے۔ ہمارے شہر بھر کے معلمین اور طلبا ان مسائل کی تحقیق مفکرانہ انداز میں کرنے میں مشغول ہیں کیونکہ یہ ہماری زندگیوں اور ہمارے قومی تجربے سے وابستہ ہیں۔ اس بارے میں بات چیت ہمارے فہم میں اس بات کا اضافہ کرتی ہے کہ ہم عدل اور انصاف کی جانب کس طرح پیس رفت کر سکتے ہیں۔ ان مباحثوں میں مدد کے لیے آپ morningbellnyc.com/2021/commemorate-bhm اور morningbellnyc.com/2021/celebrate-rfa-week پر محکمئہ تعلیم کے سرکاری بلاگ Morning Bell میں عمدہ وسائل کو تلاش کر سکتے ہیں۔
آپ ذیل پر پیرنٹ یونیورسٹی پر سیاہ فام تاریخ سے متعلق کورسز کے لیے اندراج بھی کرو سکتے ہیں parentu.schools.nyc

آپ کے بچے کو تعلیم دینے کے لیے ہمارے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کام کرنے کا شکریہ۔ ہم جانتے ہیں آپ کے طالبِ علم کے لیے اسکول کتنا اہم ہے، چاہے یہ مخلوط (بلینڈڈ) یا ریموٹلی تعلیم حاصل کر رہے ہوں — اور اس دشوار وقت کے دوران ان کے لیے ہماری عہد بستگی غیر متزلزل رہے گی۔

میں امید کرتا ہوں کہ آپ اور آپ کا اہلِ خانہ آنے والے وسط سرما وقفے سے **15-19 فروری** کے دوران لطف اندوز ہو گا۔ جو **12 فروری** کو تہوار کو منائیں گے ان کو نیا قمری سال مبارک ہو!

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم